E-RESOURCES/002

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
(A Central University established by an Act of Parliament in 1998)
(Accredited with Grade "A" by NAAC)

## COLLEGE OF TEACHER EDUCATION, BHOPAL

## کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بھوپال

# Psychology: Meaning, Nature and Scope

# نفسیات: معنی، فطرت اور وسعت

## Expert

***Dr. RAFEEDALI E.***
***Assistant Professor,***
***Maulana Azad National Urdu University,***
***College of Teacher Education, Bhopal***

## E-Resource Committee

| Convener: | Member: | Patron: |
|---|---|---|
| Dr. Jeena KG | Dr. Tarannum Khan | Prof. Noushad Husain |
| Assistant Professor | Assistant Professor | Principal |

**MANUU-COLLEGE OF TEACHER EDUCATION**
**BHOPAL**

CC BY NC ND

# Psychology: Meaning, Nature and Scope

# نفسیات: معنی، فطرت اور وسعت

## اکتسابی مقاصد : Learning Objectives

اس ماڈیول پڑھ کر طلبہ درج ذیل قابل ہو جائیں گے

- نفسیات کے معنی، نوعیت اور تصور کو بیان کرنے کے
- نفسیات کے نفسیات کا تاریخی پس منظر اور وسعت کو سمجھنے میں
- نفسیات کی مختلف شاخوں کو بیان کرنے کے

## تعارف : Introduction

چار سال کا بچہ رومی اپنے بھائی بہنوں کے ساتھ کھیلتا ہے، جب اس کے بھائی بہن اسکول چلے جاتے ہیں تو وہ پیڑ پودوں سے باتیں کرتا ہے، ناچ گانے میں بھی دلچسپی رکھتا ہے، لہذا پڑوسی اور رشتہ دار اس کو پسند کرتے ہیں، اور پیار سے اسے **خوش و خرم بچہ** کے نام سے پکارتے ہیں۔

اس کا بھائی 'الان' بھی چار سال کا ہے، وہ ہمیشہ اکیلا بیٹھا رہتا ہے، دوسروں سے بات نہیں کرتا ہے، پڑوسیوں اور اجنبیوں سے دور بھاگتا ہے اور اداس پڑا رہتا ہے، جس کی وجہ سے لوگ اس کو **غمگیں بچہ** کہتے ہیں۔

مذکورہ بالا مثالوں سے ہم نے دیکھا کہ انسان زندگی کے مختلف حالات میں دوسروں کے کردار کا مشاہدہ کرتا ہے اور اس کی بنیاد پر انہیں خوش، غمگیں، اداس، ذہین اور ظالم کی صفت سے متصف کرتا ہے۔ نیز وہ واقف ہوتا ہے کہ وہ کس قسم کا انسان ہے اور زندگی کے مختلف حالات میں اس کے ساتھ کیسے پیش آنا ہے۔ اس کو مکمل طور پر جاننے اور سمجھنے کے لئے انسان کو نفسیات کے علم کی ضرورت پڑتی ہے۔

نفسیاتی برتاؤ اور ذہنی عمل کے پہلو جیسے وقوفیت، یادداشت، بھولنا(نسیان)، شخصیت، ذہانت ،تحریک Motivation اور جذبات وغیرہ کو شامل ہے۔ الغرض نفسیات سائنسی طور پر انسانی برتاؤ کو سمجھنے میں معاون ہوتا ہے۔ لہذا نفسیات کا مطالعہ ہر ایک پیشہ والے کے لئے لازمی ہے اور خصوصی طور پر اساتذہ کے لئے کیوں کہ وہ اس کی مدد سے آنے والی نسل کو مؤثر طور پر علم، تہذیب، اقدار اور مہارتوں سے آراستہ کر سکتا ہے۔

## نفسیات کا مفہوم : Meaning of Psychology

لفظ Psychology بمعنی نفسیات دو یونانی الفاظ Psyche اور Logos سے 16 ویں صدی میں وضع کیا گیا تھا۔ Psyche کا معنی روح اور Logos کا معنی مضمون کا مطالعہ کے ہیں چنانچہ Psychology کا ابتدائی معنی روح کا مطالعہ ہے۔

## نفسیات کا تاریخی پس منظر Historical Background of Psychology

سب سے پہلے نفسیات کی تعریف روح کی علم سے کی گئی اور سولہویں صدی کے اخیر تک اسے روحانی علم ہی تسلیم کیا گیا۔ اس کے قائل یونانی فلوسوفر افلاطون (Plato 428-348BC) ،ارسطو (Aristotle 384 BC - 322) اور Rene Descartes (Rene Descartes 1596 – 1650 AD) تھے۔ ان لوگوں کا ماننا تھا کہ نفسیات روح کی سائنس ہے۔ (Psychology is the science of soul.) لیکن ماہر نفسیات صرف روح پر مطمئن نہیں ہوئے بلکہ سولہویں صدی کے اخیر کے فلسفیوں نے اس کو دماغی سائنس قرار دیا۔ (Psychology is the science of mind.) ان میں سے اطالوی (Italian) فلوسوفر Pomponazzi (1462-1525) کا نام سر فہرست ہے اس تصور کو ماننے والوں کی فہرست میں لیبنز (Leibniz 1646-1716) ، تھامس ہوبز (Thomas Hobbes (1588-1679 ، جان لاک (John Lock 1632-1704) اور ایمانوئل کانٹ (Immanuel Kant 1724-1804) بھی شامل تھے۔

کچھ مدت بعد ماہرین نفسیات سگمنڈ فرائیڈ (Sigmund Freud1856-1939) اور کارل جنگ (Carl Jung 1875-1961) نے اپنے تجربات کی بنیاد پر اس حقیقت کو واضح کیا کہ انسانی نفس کی دو سطح ہوتی ہیں۔ایک شعور Conscious اور دوسرا لاشعورUnconscious اور انسان کا طرز عمل ان دونوں پر منحصر کرتا ہے.

انہوں نے نفسیات کو شعوراورلاشعور کی سائنس (Science of Conscious and Unconscious) سے موسوم کیا۔اس طرح سے لاشعوراور شعور کے مطالعہ کی شروعات ہوئی۔ چنانچہ نفسیات کو شعوری سائنس کہا گیا۔(Psychology is the science of consciousness.)

Wundt1832-1920), اورولیم جیمس(William James(1842-1910ہیں۔

20ویں صدی عیسوی کے بعد میں J.B. Watson نے علم نفسیات کو طرز عمل کی سائنس (science of behaviour) سے موسوم کیا ہے۔

ررو برٹ ایس ووڈورتھ (Robert Woodworth 1938) نے نفسیات کی اس تاریخی پس منظر کو خوشنما پیرائے میں پیش کیا ہے:

“First psychology lost its soul then it lost its mind; then it lost its consciousness; it still has behaviour of a kind.”

"نفسیات نے پہلے اپنا روح کھویا، پھر اپنا ذہن، پھر شعور اور اب کچھ کردار بچے ہیں۔"

آگے چل کر ماہر نفسیات جے بی واٹسن نے (J B Watson 1913) انسان کے ذہنی طرز عمل (Mental Behaviour) کو بھی نفسیات کا موضوع میں شامل کیا۔

## Definition of Psychology:نفسیات کی تعریف

ماہر نفسیات اور دیگر نفسیاتی تنظیمیں کی طرف سے نفسیات کے لیے دی گئی اہم تعریفیں درج ذیل ہیں۔

1. امریکی نفسیاتی ایسوسی ایشن کے مطابق "نفسیات افراد کے برتاؤاور ان کے ذہنی عمل کا سائنسی مطالعہ ہے"

"Psychology is the scientific study of the bahaviour of individuals and their mental processes"

(American Psychological Association)

2. برطانوی نفسیاتی ایسوسی ایشن کے مطابق "نفسیات کی تعریف لوگوں اور ان کے دماغ اور طرز عمل کے بارے میں سائنسی مطالعہ کے طور پر کی جاتی ہے"۔

Psychology as the scientific study of people, the mind and behaviour (British psychological association)

3۔ نفسیات برتاؤاور تجربہ کی سائنس ہے۔ بی ایف اسکینر

"Psychology is the science of behaviour and experience"

(Burrhus Frederic Skinner)

4۔ نفسیات کسی جاندار کی اس کے ماحول سے متعلق سرگرمیوں کا سائنسی مطالعہ ہے۔ وڈورتھ

"Woodworth defined 'Psychology' as the 'scientific study of activities of the organism in the relation to its environment"

5 کرو اور کرو کے مطابق نفسیات انسانی طرزے عمل اور انسانی تعلقات کا مطالعہ ہے۔

According to Crow and Crow "Psychology is the study of human behavior and human relationship"

## نفسیات کی فطرت: Nature of Psychology

حسب ذیل نکات سے نفسیات کی نوعیت واضح ہو جاتی ہے۔

1۔نفسیات ایک حقیقی سائنس ہے۔

2۔نفسیات، نظریات وضع کرنے کے لئے سائنسی طریقےScientific method کواپناتا ہے۔

3۔نفسیات انسان کے برتاؤاور ذہنی عمل کا سائنس ہے۔

4۔ نفسیات کے نظریات انسان اور جانوروں کے برتاؤ کا مشاہدہ اور تجربہ کر کے منظم (Systematic) طریقے سے تشکیل دیئے گئے ہیں۔

5۔نفسیات کی بنیاد تجربات اور مشاہدات سے ثابت شدہ حقائق پر ہوتی ہے۔

6۔نفسیات کے ذریعے انسان اور حیوان کے برتاؤ کے سلسلے میں پیش گوئی کی جاسکتی ہے۔

7۔نفسیات علت و معلول Cause and effect کے تعلق پر قائم ہے۔

8۔نفسیات کے اصول وضوابط لائقِ عمل ہیں۔جن کا اطلاق ہر ایک شعبہ جیسے تعلیم، صنعت، طب وغیرہ میں ترقی کا ضامن ہے۔

9۔نفسیات کے نظریات سے حاصل شدہ نتائج کی مزید تحقیق وتوثیق کے لئے ہمیشہ دروازے کھلے رہتے ہیں۔

10۔نفسیات کے نظریات عالمگیر (Universal) اور مستند (Authentic) ہوتے ہیں۔اور وہ عالمی پیمانے پر یکساں طور پر قابل عمل (Universal applicability) ہیں۔

11۔نفسیات انساں کو اپنے اور دوسروں کے غیر مناسب برتاؤ پر قابو پانے اور مناسب برتاؤ کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

## نفسیات کی وسعت: Scope of Psychology

نفسیات کی وسعت کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔پہلے حصے میں اس کا عملی اور اطلاقی پہلو ہے اور دوسرے میں ان کی شاخیں ہیں۔نفسیات کا عملی اور اطلاقی پہلو کافی وسیع ہے۔اس میں انسان اور حیوان کے برتاؤ کا مطالعہ کیا جاتا ہے اور اس کی تشریح کی جاتی ہے۔نفسیات کی مدد سے غیر مناسب برتاؤ پر قابو پایا جاتا ہے اور مناسب برتاؤ کو فروغ دیا جاتا ہے۔ یہ واضح رہے کہ انسان و حیوان کے برتاؤ کا مفہوم وسیع ہے۔ برتاؤ میں زندگی سے وابستہ ہر ایک ظاہری اور

باطنی سر گرمی اور تجربات شامل ہیں چاہے وہ وقوفی ہو یاتاثراتی، شعوری ہو یا غیر شعوری وغیرہ۔اس طرح نفسیات زندگی کے ہر ایک پہلو کو گھیرے ہوئے ہے اوراس کی مدد سے زندگی میں درپیش نت نئے مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے اور ترقی کے راہ پر گامزن ہو سکتے ہیں۔اور دوسرے حصہ کو آگے ذکر کیا جارہا ہے۔

## نفسیات کی شاخیں: Branches of psychology

نفسیات کواس کی نوعیت اور دائرہ کار کے اعتبار سے دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

خالص نفسیات Pure Psychology

اطلاقی نفسیات Applied Psychology

### خالص نفسیات Pure Psychology

خالص نفسیات مضمون سے متعلق نظریات اور خاکے فراہم کرتا ہے یہ ایک نظریاتی سائنس ہے جس کا مقصد نفسیات کے تیئں انسانی معلومات میں اضافہ کرنا ہے۔اس میں نفسیات کے اصول اور نظریات کو تشکیل دی جاتی ہے اور برتاؤ کا تجزیہ،احتساب،اصلاح اور فروغ کے لئے مختلف طریقہ اور تکنیک کا مشورہ دیتا ہے۔

دراصل ماہرین نفسیات و مفکرین حضرات نے مختلف میدانوں میں تحقیق کی ہیں،ان میدانوں میں درپیش مسائل کی شناخت کی،اوران کو حل کرنے کے لئے اصول وضوابط بنائے اور مسائل کو حل کر کے دیکھے۔بعدہ اس میدان میں جو نظریات انھوں نے پیش کئے وہ اس میدان کے نفسیاتی نظریےPsychological theories بن گئے۔

بنیادی خالص نفسیات مندرجہ ذیل ہیں:

الف۔ عمومی نفسیات General Psychology

ب۔ غیر عمومی نفسیات Abnormal Psychology

ج۔ ترقیاتی نفسیات Developmental Psychology

د۔ سماجی نفسیات Social Psychology

ہ۔ وقوفی نفسیات Cognitive Psychology

## عمومی نفسیات General Psychology

عمومی نفسیات صحیح سالم عام انسانوں کے برتاؤ کے مطالعہ سے متعلق نفسیات کے بنیادی اصول، ضوابط اور نظریات سے بحث کرتا ہے۔ یہ مختلف نفسیاتی امور جیسے احساس، تصور، جذبہ، اکتساب، ذہانت اور شخصیت وغیرہ کی وضاحت کرتا ہے۔

## غیر عمومی نفسیات Abnormal Psychology

غیر عمومی نفسیات میں غیر عمومی انسان کے بارے میں مطالعہ کیا جاتا ہے۔ یہ ان کے غیر عمومی برتاؤ کو بیان کرتا ہے اور اس کے بارے میں پیشین گوئی کرتا ہے۔ نیز اس کے وجوہات، علامت اور معالجہ سے بحث کرتا ہے۔

## ترقیاتی نفسیات Developmental Psychology

ترقیاتی نفسیات کا تعلق انسان کی نشو ونما اور بالیدگی سے ہے اس میں انسان کی شیر خوارگی سے لیکر بوڑھاپے تک ہونے والی ترقی کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ الغرض ہر ایک دور میں انسان کے برتاؤ میں ہونے والی جسمانی، ذہنی، جذباتی اور سماجی ترقی سے بحث کرتا ہے۔

## سماجی نفسیات Social Psychology

سماجی نفسیات میں گروہی برتاؤ اور لوگوں کے آپسی تعلقات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ جس میں گروہی حرکیات Group dynamics، لوگوں کی پسندیدگی یا ناپسندیدگی، دلچسپی، رویے وغیرہ سے بحث کیا جاتا ہے۔ اس میں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ دوسرے کی حقیقی یا ذہنی موجودگی لوگوں کے خیالات، احساسات اور رویے کو کیسے متاثر کرتی ہے۔

## وقوفی نفسیات Cognitive Psychology

وقوفی نفسیات اکتساب، یادداشت، توجہ، تصور، زبان، تصوراتی ترقی اور فیصلہ سازی کے ذہنی عمل کو شامل ہے۔

## اطلاقی نفسیات Applied Psychology

اطلاقی نفسیات میں خالص نفسیات کے اصول، قوانین، نظریات کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔ خالص نفسیات میں مسائل کو حل کرنے کے لئے ماہرین نے جو اصول اور نظریے Principles and theories بنا رکھے ہیں اسی کو عمل میں لایا جاتا ہے۔ اب جس میدان میں اس کا نفاذ ہوتا ہے اس کو اسی نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

اس میں مندرجہ شاخیں شامل ہیں۔

1۔ تعلیمی نفسیات — Educational Psychology

2۔ سیاسی نفسیات — Political Psychology

3۔ صنعتی نفسیات — Industrial Psychology

4۔ فوجی نفسیات — Military Psychology

5۔ طبّی نفسیات — Clinical Psychology

6۔ قانونی نفسیات — Legal Psychology

## Model Questions: سوالات

### Objective Questions

1. نفسیات نے پہلے اپنا روح کھویا، پھر اپنا ذہن، پھر شعور اور اب کچھ کردار بچے ہیں۔"

a) Frued    b) Woodworth    c) Carl Jung

2. نفسیات انسانی طرزِ عمل اور انسانی تعلقات کا مطالعہ ہے.

a) Crow and Crow    b) William James    c)Skinner

3۔ اکتساب، یادداشت، توجہ، تصور، زبان، تصوراتی ترقی اور فیصلہ سازی کے ذہنی عمل کے مطالعہ۔۔۔۔۔۔۔سے وابسطا ہے

a) سماجی نفسیات (Social Psychology) b) ترقیاتی نفسیات (Developmental Psychology ) c) وقوفی نفسیات (Cognitive Psychology)

## Short Answer Questions

4 . نفسیات کے تصور کی وضاحت کیجیے ؟

5 . نفسیات کے فطرت کے بارے میں لیکھیے ؟

6.نفسیات کی وسعت واضع کیجیے ؟

## Essay Question

7.نفسیات کے بارے میں آپ کیا سمجھتے ہیں،اسکی مختلف شاخوں کو وضاحت کر کے لیکھیے ؟

# مزید مطالعہ کے لیے تجویز کردہ کتابیں:Suggested Reading


1. Allport, G. W. (1961). *Pattern and Growth in Personality*. New York: Holt, Rinehart & Wintson.
2. Baron, R. A. (2005). *Psychology*. New Delhi: Prentice-Hall.
3. Feldman, R. S. (2002). *Understanding Psychology*. New Delhi: Tat McGraw-Hill.
4. Sdorow, L. M. (1998). *Psychology*. USA: McGraw Hill.
5. Wantson, R. I. (1971). *The Great Psychologists* (3rd Edn). New York: J.B Lippincolt.

6. Zimbardo, P. G., Weber, A. L. & Harpet. (1994). *Psychology*. USA: Collins College Publishers.
7. Mangal,S.K (2012). *Advanced Educational Psychology*. New Delhi:PHI Publishers
8. Dandapani, S. (2007). *Advanced Educational Psychology*. New Delhi: Anmol Publications.
9. Smith, D. E. & Nolen, S. H. & Fredrickson, B. & Loftes, G. R. (2006). *Atkinson & Hilgards Introduction to Psychology*. Banglore: Thomson Wordsworth.
10. Arjun NK (2017) *Psychological Bases of Education.* Palakkad*: Yuga Publications*.

***Dr. RAFEEDALI.E,***
***Assistant Professor,***
***Maulana Azad National Urdu University,***
***College of Teacher Education, Bhopal***
***09961031072, rafeedaliamu@yahoo.com, rafeedali@manuu.edu.in***